کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ { مطبوعہ روز سہ شنبہ تاریخ ۲۹ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۹ھ مطابق ۳۰ نومبر سنہ ۱۹۴۰ء } جلد ۲۳

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

۱-	منظوری تشکیل کمیٹی بابت انتظام خورشید گرلس اسکول زیر سرپرستی علیا حضرت حور صاحبہ دام اقبالہا	۲	۵-	منظوری نقشہ تعطیلات بابت سنہ ۱۹۴۱ء	۷ تا ۸
۲-	منظوری بیشی تنخواہ آسامی دیگر ایگزیکٹیو گورنمنٹ	۳	۶-	منظوری اضافہ تنخواہ عالی مرتبت شہزادہ ایچ سالوے صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر	۸
۳-	" ترقی ... لفٹنٹ محمد مرتضیٰ و دیگر لفٹنٹ محمد بیگ احمد ...	۳ و ۴	۷-	عطائے رقم پرورش پہ جلا زمان فرسٹ رضا انفنٹری بمدت یک سال (بجائے دو سال)	۹
۴-	" انتخاب ممبران سب کمیٹیز حسب مرضی حضرت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۴ تا ۶			

آرڈرزان کونسل - رامپور اسٹیٹ۔

۱	منظوری اشاعت مسودہ قانون ہوائی جہاز ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء	۱۰	۴	منظوری اشاعت مسودہ ترمیم قانون حفظان صحت ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء	۱۱
۲	" اضافہ گریڈ تنخواہ ڈاکٹر سید ظریف حسین صاحب سسٹنٹ سرجن	"	۵	" " " قانون رجسٹریشن مطابع در ...	
۳	" کمی فیس متعلقہ از مالکان فلور ملز بوجہ کمی نرخ پسائی غلہ	۱۰ و ۱۱		کتب ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء	۱۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۲۰ر نومبر سنہ ۱۹۳۲ء

بموجب رپورٹ، زیر سرپرستی ہر ہائینس تشکیل کمیٹی کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات برائے کارروائی عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض جناب عالی میرساند

عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کا معروضہ ہے کہ وہ با صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات خورشید گرلس اسکول میں پردہ کی پابندی کے باعث اس کے اندرونی معاملات کی کافی نگرانی اور اصلاح سے قاصر ہیں چونکہ اسکول مذکور عنقریب ہائی اسکول ہونیوالا ہے اور طالبات کی تعداد بھی پہلے سے بہت زیادہ ہوگئی ہے اس کے نگرانی کی اور بھی زیادہ ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ چنانچہ انہوں نے اس سلسلہ میں حسب صراحت ذیل خواتین رامپور کی ایک نگران کمیٹی کی تشکیل چاہی ہے۔ تاکہ اس اہم کام میں محکمۂ تعلیم کی مدد کرے۔ اور یہ بھی استدعا کی ہے۔ کہ علیاحضرت ہر ہائینس دام اقبالہا اس کمیٹی کی سرپرستی کو شرف قبولیت بخشیں :-

مسز زیدی	صدر
مسز سیلوے	ممبر
مسز ارشاد احمد خاں	ممبر
مسز عبد الجلیل خاں	ممبر
مسز ورما	ممبر
مسز مرزا مسعود	ممبر
مسز نور النبی خاں	ممبر
ہیڈ مسٹرس خورشید گرلس اسکول	سکریٹری

اس بابت ترقی خواہ کے زبانی عرض کرنے پر اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم نے شرف قبولیت بخشنے کا اظہار فرمایا تھا۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری معروضہ بالا شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۸ر نومبر سنہ ۱۹۳۲ء

بخدمت عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر مرسل ہو۔ براہ کرم کارروائی ضروری فرمائی جائے۔ وضداشت و حکم ہمایوں کی ایک نقل دفتر ہذا میں رکھی جائے

۲۴ر نومبر سنہ ۱۹۳۲ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر [illegible]

سررشتہ صدر سے اس حکم کی نقل ہیڈ مسٹرس صاحبہ خورشید گرلس اسکول کے پاس بھیجی جائے کہ وہ براہ کرم جملہ

ممبران کو مطلع فرمادیں۔ نیز ایک نقل
صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات و صاحب
پرائیویٹ سکریٹری بہادر، اور ایک صاحب
ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر کو برائے اطلاع
بھیجی جائے۔ ایک نقل مطبع کو برائے اندراج گزٹ
مرسل ہو۔ ۲۵ نومبر ۱۹۳۰ء دستخط عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۲۲ نومبر ۱۹۳۰ء

بعد ملاحظہ رپورٹ۔ تجویز منظور ہے۔
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض   میرساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز
ہے کہ بجٹ فزیکل ایجوکیشن سال ۳۱-۱۹۳۰ء میں
فزیکل ایجوکیشن گریجویٹ کی ایک آسامی بہ گریڈ
۷۵-۵-۱۰۰ ماہوار منظور شدہ ہے۔ اس
آسامی کو پُر کرنے کے لئے اخبارات وغیرہ میں
اعلان کیا گیا۔ جو اشخاص باعتبار اسناد مذکورہ بالا
جگہ کے لئے موزوں معلوم ہوتے ہیں۔ وہ کم از کم
ایک سو روپیہ ماہانہ تنخواہ چاہتے ہیں۔ نظر بحالات
مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آسامی مذکورہ بالا کا مشاہرہ
تا اختتام سال رواں بجائے ۷۵ (پچہتر روپیہ) ماہانہ
کے ایک سو روپیہ ماہانہ منظور فرمایا جائے۔ تاکہ کسی موزوں
شخص کا تقرر جلد سے جلد کیا جاسکے۔ بعد تقرر کام کا اندازہ
کرکے گریڈ کے متعلق علیحدہ تجویز پیش کیجائے گی۔ چونکہ
یہ آسامی یکم جون ۱۹۳۰ء سے نو ماہ کے لئے منظور ہوئی
ہے۔ لہذا عدم تقرر کی بنا پر مشاہرات میں بیشی قِسم
مجوزہ کی گنجائش ہے۔ جس سے صیغہ فنانس کو بھی اتفاق ہے
اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۲۸ اکتوبر ۱۹۳۰ء
میں تجویز معروضہ بالا سے اتفاق کرلیا ہے۔ لہذا
ترقی خواہ مدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری
تجویز شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال
جاوید باد   فدوی

زیر غور و دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۳ نومبر ۱۹۳۰ء

حکم:- واقع ۲۴ نومبر ۱۹۳۰ء

بموجب رپورٹ سیکنڈ لفٹنٹ محمد مرتضیٰ اور
سیکنڈ لفٹنٹ محمد بیگ کو لفٹنٹ رینک پر ترقی عطا
کی جاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔
دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض   میرساند

جناب عالی

اسٹینڈنگ آرڈرس رامپور اسٹیٹ فورسز کے
باب (۱۲) فقرہ (۱۰) کی رُو سے سیکنڈ لفٹنٹ
محمد مرتضیٰ صاحب اور سیکنڈ لفٹنٹ محمد بیگ صاحب نے
پروموشن کے لئے مقررہ میعاد ملازمت کرلی ہے۔
بدانست ترقی خواہ ہر دو آفیسران لفٹنٹ رینک پر

ترقی دیے جانے کے لئے موزوں ہیں۔ ترقی خواہ
بصد ادب مستدعی ہے کہ ایمائے ہمایوں ہو تو
ان آفیسران کو ۱۰ر اکتوبر ۱۹۳۰ء سے لفٹننٹ رینک
پر ترقی عطا فرمائی جائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و
اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت کرنل سی جی
اسمالی صاحب بہادر آفیسر کمانڈنگ و ڈائرکٹر
سٹاف انفنٹری۔ معروضہ ۲۲ر نومبر ۱۹۳۰ء

حکم ۱۔ واقع ۲۴ر نومبر ۱۹۳۰ء

بموجب رپورٹ۔ سات سب کمیٹیوں کے
انتخاب ممبران کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات
عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔
دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میر ساند

جناب عالی

تعلیمی مشاورتی بورڈ کا پہلا جلسہ بتاریخ ۲۶ر اکتوبر ۱۹۳۰ء
بوقت دو بجے بمقام سکرٹریٹ جدید زیر صدارت
عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر منعقد ہوا۔ جناب
صدر نے اراکین مجلس کے مشورہ سے سات سب کمیٹیوں کے اراکین اور ممبران
کا تقرر کیا جانا تجویز کیا۔ عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے
روداد جلسہ مذکور ارسال کی ہے۔ اور رپورٹ میں
لکھا ہے کہ "دستور اساسی ریاست رامپور ۱۹۳۰ء
کے احکام کے مطابق اس بورڈ کی سات سب کمیٹیاں
ہونا چاہئیں۔ ان کے ممبران کے نام مصرحۂ روداد

منتخب کئے گئے ہیں۔ جن کی پیشگاہ ہمایوں سے منظوری
کی ضرورت ہے۔ جملہ کاغذات از بابت عرضداشت
برائے ملاحظہ وصدور حکم منظوری حضور انور میں
پیش ہیں۔ زیادہ حد ادب

آفتاب دولت و اقبال تاباں باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۲۴ر نومبر ۱۹۳۰ء

سررشتہ متعلقہ حسب منشائے حکم ہمایوں احکام ضابطہ
جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۲۶ر نومبر ۱۹۳۰ء
دستخط فارسی عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

تعلیمی مشاورتی بورڈ کا پہلا جلسہ آج بتاریخ
۲۶ر اکتوبر ۱۹۳۰ء بروز یکشنبہ بوقت دو بجے
بمقام سکرٹریٹ جدید زیر صدارت عالیمرتبت صاحب
ہوم منسٹر بہادر منعقد ہوا۔ اور جلسۂ مذکور میں حسب ذیل
اراکین نے شرکت فرمائی

عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر	صدر
انسپکٹر صاحب مدارس	ممبر
ہیڈ ماسٹر صاحب ٹریننگ اسکول	ممبر
منشی سراج الرحمٰن خاں صاحب بہادر	ممبر
منشی عزیز الحسن خاں صاحب بہادر	ممبر
سکرٹری صاحب بہادر تعلیمات	معتمد

جناب صدر نے جلسہ کی کارروائی کا آغاز فرماتے
ہوئے ارشاد فرمایا کہ اراکین مجلس کو موجودہ اور آئندہ
تعلیمی پروگرام کا جو محکمۂ تعلیمات کے پیش نظر ہے
علم ہونا چاہئے۔ چنانچہ ارشاد کے مطابق

سکریٹری صاحب بہادر تعلیمات نے تعلیم ابتدائی - ثانوی - کالج - اور صنعتی تعلیم - تعلیم [illegible] ان تعلیم بالغاں - تعلیم پسماندگان تربیت جسمانی کے متعلق سرسری معلومات اراکین مجلس کی خدمت میں پیش کیں تعلیمی پروگرام کے متعلق تفصیل بتائی - اس سے غرض یہ تھی کہ اراکین مختلف شعبوں کے متعلق جب کوئی تجویز پیش کریں تو تعلیم کے کن ضروری مسائل کو پیش نظر رکھیں - نیز تعلیمی ہفتہ کے مقاصد اور ضروریات کی تفصیل بتائی گئی -

جناب صدر نے اراکین مجلس کے مشورہ سے مندرجہ ذیل سب کمیٹیوں کے اراکین کا تقرر تجویز فرمایا - یہ کمیٹیاں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم کی منظوری کے بعد کام شروع کریں گی -

ابتدائی تعلیم :-

۱ - ہیڈ ماسٹر صاحب ٹریننگ اسکول — ممبر
۲ - عالیجناب صاحبزادہ حسن رضا خاں صاحب بہادر — ممبر
۳ - مولوی محمد اکبر حسن خاں صاحب (دو یجلی) — ممبر
۴ - ہیڈ ماسٹر صاحب رضا اسکول — ممبر
۵ - کنور شیو راج سنگھ صاحب بہادر — ممبر
۶ - سکریٹری صاحب بہادر تعلیمات — ممبر
۷ - انسپکٹر صاحب مدارس — معتمد

۲ - ثانوی تعلیم :-

۱ - سکریٹری صاحب بہادر تعلیمات
۲ - عالیجناب صاحبزادہ حسن رضا خاں صاحب بہادر
۳ - ہیڈ ماسٹر صاحب ٹریننگ اسکول
۴ - کنور شیو راج سنگھ صاحب بہادر
۵ - ہیڈ ماسٹر صاحب رضا اسکول
۶ - انسپکٹر صاحب مدارس (معتمد)
۷ - مولوی محمد اکبر حسن خاں صاحب

۳ - تعلیم بالغاں :-

۱ - منشی سراج الرحمٰن خاں صاحب بہادر
۲ - ممتاز علی خاں صاحب تحصیلدار
۳ - سکریٹری صاحب بہادر تعلیمات
۴ - ابراہیم علی خاں صاحب بہادر
۵ - ہیڈ ماسٹر صاحب ٹریننگ اسکول (معتمد)
۶ - سکریٹری صاحب بہادر صنعت وحرفت

۴ - صنعتی تعلیم :-

۱ - صاحبزادہ مسعود [illegible] خاں صاحب بہادر
۲ - انسپکٹر صاحب مدارس
۳ - صاحب فائنانس سکریٹری بہادر
۴ - عزیز الحسن خاں صاحب بہادر
۵ - سکریٹری صاحب بہادر صنعت وحرفت
۶ - بابو سیتارام صاحب وکیل
۷ - سکریٹری صاحب بہادر تعلیمات
۸ - ہیڈ ماسٹر صاحب ٹریننگ اسکول (معتمد)

۵ - تربیت جسمانی :-

۱ - محمد ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر چیف جسٹس
۲ - چودھری اندر پرشاد صاحب (آنریری مجسٹریٹ)
۳ - ہیڈ ماسٹر صاحب ٹریننگ اسکول (معتمد)
۴ - سکریٹری صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل
۵ - لالہ رتن لال صاحب - (آنریری مجسٹریٹ)
۶ - محمد صدیق خاں صاحب (پسر ارشاد شہاب خاں صاحب)
۷ - سکریٹری صاحب بہادر تعلیمات -

۶- تعلیم نسواں-

۱- انسپکٹر صاحب مدارس (معتمد)

۲- چودھری اندر پرشاد صاحب (آنریری مجسٹریٹ)

۳- ہیڈ مسٹریس صاحبہ خورشید گرلس اسکول

۴- صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

۵- منشی عزیز الحسن خاں صاحب بہادر

۶- سکریٹری صاحب بہادر تعلیمات

۷- تعلیم پسماندگان:-

۱- چودھری نتھو صاحب بہادر

۲- مولوی حبیب اللہ صاحب ٹھیکہ دار

۳- عالیمرتبت صاحبزادہ حسن رضا خاں صاحب بہادر

۴- ہیڈ ماسٹر صاحب ٹریننگ اسکول (معتمد)

۵- سکریٹری صاحب بہادر تعلیمات

۶- چودھری رگوناتھ پرشاد صاحب (آنریری مجسٹریٹ)

۴ بجے ختم ہوا

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات

حکم:-

واقع ۳۰ نومبر ۱۹۴۰ء

برائے سال ۱۹۴۱ء بموجب نقشہ منسلکہ تعطیلات کی منظوری

دیجاتی ہے مسرشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان خلد برنور دام اقبالہم و حکم

اعلیحضرت بندگان خلد برنور دام اقبالہم و حکم

بعز عرض — میر سائد

جناب عالی

نقشہ تعطیلات ریاست رامپور برائے سال ۱۹۴۱ء اسٹیٹ کونسل کے جلسہ

منعقدہ ۲۵ نومبر ۱۹۴۰ء میں پیش ہوا جسکی منظوری سے

اسٹیٹ کونسل نے اتفاق کرلیا- لہذا ترقیخواہ متدعی ہوں کہ

پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری تعطیلات بموجب نقشہ

منسلکہ برائے سال ۱۹۴۱ء شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب - دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقیخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۲۶ نومبر ۱۹۴۰ء

نقشہ تعطیلات ریاست رامپور بابتہ سال ۱۹۴۱ء

(۱) تعطیلات مندرجہ ذیل جملہ محکمہ جات ریاست کے لئے منظور فرمائی گئی ہیں۔

(۲) چندر گرہن جس شب کو ہو بروز آئندہ- اور سورج گرہن جس دن ہو اسی دن تعطیل ہوگی۔

(۳) علاوہ تعطیلات مندرجہ ذیل- معمولی تعطیل بروز جمعہ ہفتہ وار ہوا کرے گی۔

(۴) تعطیلات مندرجہ ذیل میں بغیر ضرورت خاص استجازت کی ضرورت نہ ہوگی - لیکن کوئی ملازم بغیر اجازت افسر اپنے ہیڈ کوارٹر کو نہیں چھوڑ سکتا

(۵) تعطیلات پر ہمیشہ کار سرکار مقدم متصور ہوگا۔

(۶) رویت ہلال کے مقدم و موخر ہونے سے تعطیلات میں ترمیم ہوسکیگی۔

(۷) ماہ رمضان المبارک میں جملہ دفاتر و مدارس و عدالتوں کے آخری حصہ اوقات میں ایک گھنٹہ کی تخفیف ہوگی [illegible]

نمبر شمار	نام تعطیل	تاریخ ہجری سنہ	تاریخ عیسوی	تاریخ ہندی سمت بکرمی	دن	تعداد ایام	کیفیت
۱	نیو ایرس ڈے (نوروز)	۲ ذی الحجہ ۱۳۵۹ھ	یکم جنوری ۱۹۴۱ء	پوس سدی چوتھ ۱۹۹۷ بک	چہارشنبہ	۱	
۲	یوم المبارک الحج	۹ ذی الحجہ	۸ جنوری ۱۹۴۱ء	پوس سدی دسمی	چہارشنبہ	۱	
۳	عید الضحیٰ	۱۰ تا ۱۲ ذی الحجہ	۹ تا ۱۱ جنوری	پوس سدی ۱۱ دشی تا ترادشی	پنجشنبہ تا شنبہ	۳	
۴	عید غدیر	۱۸ ذی الحجہ	۱۷ جنوری	ماگھ بدی چوتھ	جمعہ	۱	
۵	محرم الحرام	یکم تا ۱۲ محرم ۱۳۶۰ھ	۳۰ جنوری تا ۱۰ فروری	ماگھ سدی تیج لغایت ترادشی	پنجشنبہ تا دوشنبہ	۱۲	تعطیل بسنت پنچمی شامل ہے
۶	شیوراتری	۲۶ محرم الحرام	۲۴ فروری	پھاگن بدی ترادشی	دوشنبہ	۱	
۷	ہولی	۱۲ و ۱۳ صفر	۱۲ و ۱۳ مارچ	پھاگن سدی چترادشی پورنماشی	چہارشنبہ و پنجشنبہ	۲	
۸	چاند گرہن	۱۵ صفر	۱۴ مارچ	چیت بدی پڑوا	جمعہ	۱	
۹	چہلم شہدائے کربلا	۲۰ صفر	۱۹ مارچ	چیت بدی ستمی	چہارشنبہ	۱	
۱۰	نوروز شمسی	۲۲ صفر	۲۱ مارچ	چیت بدی نومی	جمعہ	۱	
۱۱	بارہ وفات شریف	۱۲ ربیع الاول	۱۰ اپریل	چیت سدی ترادشی ۱۹۹۸ ب	پنجشنبہ	۱	
۱۲	ولادت باسعادت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم	۱۷ ربیع الاول	۱۵ اپریل	بیساکھ بدی چوتھ	سہ شنبہ	۱	
۱۳	سالگرہ ملک معظم قیصر ہند	۔	۔	۔	۔	۱	تاریخ کا تعین حکم گورنمنٹ ہوگا
۱۴	ولادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۳ رجب	۷ اگست	ساون سدی پورن ماشی	پنجشنبہ	۱	تعطیل سلونو شامل ہے
۱۵	جنم اشٹمی	۲۰ رجب	۱۴ اگست	بھادوں بدی اشٹمی	پنجشنبہ	۱	
۱۶	یوم بعثت (رجبی شریف)	۲۷ رجب	۲۱ اگست	بھادوں بدی چودس	پنجشنبہ	۱	
۱۷	اننت چودس	۱۱ شعبان	۴ ستمبر	بھادوں سدی چترادشی	پنجشنبہ	۱	
۱۸	شب برات	۱۴ شعبان	۷ ستمبر	کنوار بدی دوج	یکشنبہ	۱	
۱۹	ولادت حضرت صاحب الامر علیہ السلام	۱۵ شعبان	۸ ستمبر	کنوار بدی تیج	دوشنبہ	۱	
۲۰	سورج گرہن	۲۸ شعبان	۲۱ ستمبر	کنوار بدی اماوس	یکشنبہ	۱	
۲۱	درگا اشٹمی	۶ رمضان	۲۸ ستمبر	کنوار سدی اشٹمی	یکشنبہ	۱	
۲۲	دسہرہ	۹ رمضان	۳۰ ستمبر	کنوار سدی دسمی	سہ شنبہ	۱	
۲۳	شہادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۹ تا ۲۱ رمضان	۱۱ لغایت ۱۳ اکتوبر	کاتک بدی چھٹ تا اشٹمی	شنبہ تا دوشنبہ	۳	
۲۴	دیوالی	۲۸ و ۲۹ رمضان	۲۰ و ۲۱ اکتوبر	کاتک بدی اماوس و کاتک سدی پڑوا	دوشنبہ و سہ شنبہ	۲	

نمبرشمار	نام تعطیل	تاریخ ہجری ۱۳۴۹ھ	تاریخ عیسوی	تاریخ ہندی سمبت بکرمی	دن	تعداد ایام	کیفیت
۲۵	عید الفطر	یکم لغایت ۳ر شوال	۲۳ر لغایت ۲۵ر اکتوبر	کاتک سدی تیج و چوتھ و پنچمی	پنجشنبہ لغایت شنبہ	۳	
۲۶	گنگا اشنان	۱۲ر شوال	۳ر نومبر	کاتک سدی پورنماشی	دوشنبہ	۱	
۲۷	سالگرہ علیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم و حشمہم	۲۶ر شوال	۱۷ر نومبر	اگہن بدی تراودشی	دوشنبہ	۱	
۲۸	سالگرہ ذی ذات والا صفات عالیجاہ نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہ	۲ر ذیقعدہ	۲۲ر نومبر	اگہن سدی چوتھ	شنبہ	۱	
۲۹	سالگرہ علیا حضرت مہر النساء بیگم دام اقبالہا	۲۰ر ذیقعدہ	۱۰ر دسمبر	پوس بدی چھٹھ	چہارشنبہ	۱	
۳۰	یوم کلاں	۶ر ذی الحجہ	۲۵ر و ۲۶ر دسمبر	پوس سدی سپتمی و اشٹمی	پنجشنبہ و جمعہ	۲	
۳۱	یوم المبارک حج	۹ر ذی الحجہ	۲۸ر دسمبر	پوس سدی اکادشی	یکشنبہ	۱	
۳۲	عید الضحیٰ	۱۰ر لغایت ۱۲ر ذی الحجہ	۲۹ر لغایت ۳۱ر دسمبر	پوس سدی دوادشی لغایت چتردشی	دوشنبہ لغایت چہارشنبہ	۳	تعطیل کرسمس ڈے شامل ہے

حکم :-

واقع ۲۰ر نومبر سنہ ۱۹۳۰ء

بموجب رپورٹ۔ عالیمرتبت مسٹر آر۔ ایچ سالوے صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کی موجودہ تنخواہ میں نوے روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

اصل کاغذ بعد اجرائے احکام دارالانشاء بھیجا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

العرض — مہربانہ

جناب عالی

عالی مرتبت مسٹر آر۔ ایچ سالوے صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کی تنخواہ برٹش گورنمنٹ میں یکم نومبر سنہ ۱۹۳۰ء سے پچھتر روپیہ ماہوار کا اضافہ بموجب اسکیل آئی۔ سی۔ ایس۔ آفیسرز ہوا ہے۔

بموجب شرائط ڈیپوٹیشن صاحب موصوف پچھتر روپیہ اضافہ گورنمنٹ یو۔ پی گورنمنٹ پر مبلغ پندرہ روپیہ بحساب بیس فیصدی ڈیپوٹیشن الاؤنس ایزاد ہو کر جملہ مبلغ نوے روپیہ ماہوار اضافہ پانے کے مستحق ہیں۔ لہذا ترقی تنخواہ مستدعی ہوں کہ صاحب موصوف کی موجودہ تنخواہ مبلغ دو ہزار سو ستر روپیہ چھ آنہ (۲۱۷۰ ؍ ۶) میں نوے روپیہ کا اضافہ بارگاہ ہمایوں سے منظور فرمایا جائے۔ اب انکی تنخواہ یکم نومبر سنہ ۱۹۳۰ء سے مبلغ دو ہزار دو سو ساٹھ روپیہ چھ آنہ (۲۲۶۰ ؍ ۶) ہوگی۔ عرضداشت ہذا بغرض صدور حکم حضور انور میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال بر ترقی باد

ضمیمہ

ترقی تنخواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۸ر نومبر سنہ ۱۹۳۰ء

حکم :- مورخہ ۲۰ نومبر ۱۹۴۰ء

بموجب رپورٹ ۔ ملازمان فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کو بجائے دو سال کے ایک سال مدت ملازمت پوری کرنے پر دو روپیہ آٹھ آنہ (۲۸/) ماہوار پرافیشنسی پے دیئے جانے کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدارت احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

بتعمیل حکم ہمایوں مصدرہ ۲۷ نومبر ۱۹۴۰ء گذارش ہے کہ صیغہ فائنانس سے ایک سال کی مدت ملازمت پوری کرنے پر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کے جوانان کو دو روپیہ آٹھ آنہ (۲۸/) ماہوار پرافیشنسی پے مثل انڈین آرمی کے دیئے جانے کے متعلق مشورہ کیا گیا۔ صیغہ فائنانس کو اس سے اتفاق ہے۔ رپورٹ عالی مرتبت صاحب فائنانس ممبر بہادر بغرض ملاحظہ حضور انور میں مرسل ہے ترقی خواہ مستدعی ہے کہ حکم منظوری عطا ہو تاکہ شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال زیادہ باد

دستخط عالی مرتبت صاحب ملٹری سکریٹری

ترقی خواہ — مورخہ ۲۰ نومبر ۱۹۴۰ء

آرڈران کونسل ۔ رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ واقع ۱۹ نومبر ۱۹۳۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۳ نومبر ۱۹۳۰ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت کارروائی نسبت "مسودہ قانون ہوائی جہاز ریاست رامپور ۱۹۳۰ء" پیش ہوکر طے پایا کہ:-

مسودہ مذکور بغرض حصول رائے عامہ گزٹ میں شائع کیا جائے

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع مسودہ قانون منسلکہ برائے اشاعت گزٹ اسٹیٹ پریس کو مرسل ہو۔ بعد اشاعت کاغذات بخدمت عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی ارسال کئے جائیں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نوٹ:- کاپی قانون محولہ بالا گزٹ کے آخر میں شامل ہے

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ واقع ۲۴ نومبر ۱۹۳۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ نومبر ۱۹۳۰ء میں عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری [illegible] گریڈ یہ تنخواہ موجودہ ڈاکٹر سید [illegible] حسین اسسٹنٹ سرجن از یکم نومبر ۱۹۳۰ء حسب اتفاق [illegible] پیش ہوکر طے پایا کہ:-

حسب تجویز ڈاکٹر سید [illegible] حسین اسسٹنٹ سرجن کی موجودہ تنخواہ [illegible] یکم نومبر ۱۹۳۰ء سے دس روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری بجا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ واقع ۲۴ نومبر ۱۹۳۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ نومبر ۱۹۳۰ء میں عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ مالکان خراس عرصہ سے پانچ روپیہ ماہانہ فیس وصول کیجاتی ہے۔ چکیوں کے مالکوں کو نرخ پسائی کم ہونے کے باعث تجارت میں نقصان ہے۔ اس لئے انکی متعدد عذرداریوں پر غور کرتے ہوئے میونسپل بورڈ نے بموجب ریزولیوشن ۵۲ جلسہ خاص منعقدہ ۹ اپریل ۱۹۳۰ء فیس چکیاں پانچروپیہ ماہانہ میں دو روپیہ آٹھ آنہ ماہانہ کم کئے جانیکی اتفاق کیا ہے اور باقاعدہ مشتہری ہوچکی ہے۔ جس کی بابت کوئی عذرداری موصول نہیں ہوئی۔ لہذا حسب صراحت بالا چکیوں کی فیس میں نصف رقم کی کمی قابل منظوری ہے۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز چکیوں کی فیس پانچروپیہ ماہانہ میں دو روپیہ آٹھ آنہ ماہانہ کی کمی منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہٰذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی ضابطہ بخدمت عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی مرسل ہو

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

اصل کاغذات چیرمین صاحب میونسپل بورڈ کی خدمت میں مرسل ہوں۔ ایک نقل برائے اطلاع گزٹ مطبع سرکاری کو سررشتہ صدر سے بھیجی جائے

۲۵ر نومبر ۱۹۴۲ء

دستخط عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

مورخہ ۲۶ر نومبر ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۵ر نومبر ۱۹۴۲ء میں عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بابت کارروائی ضروری نسبت مسودہ "**ترمیمہ قانون حفظان صحت دیہات ریاست رامپور ۱۹۴۲ء**" پیش ہو کر طے پایا کہ۔

مسودہ محولہ بالا بغرض حصول رائے عامہ درج گزٹ کئے جانے سے کونسل کو اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل حکم ہٰذا کی مع مسودہ ترمیمہ قانون حفظان صحت دیہات ریاست رامپور ۱۹۴۲ء بغرض اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو ارسال کیجائے۔

اصل کاغذات بعد اجرائے نقل بخدمت عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی ارسال کئے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

ترمیمہ قانون حفظان صحت دیہات ریاست رامپور ۱۹۴۲ء

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قانون حفظان صحت دیہات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء میں مناسب ترمیم کیجائے۔ لہٰذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

مختصر نام و حدود و تاریخ نفاذ — **دفعہ ۱** (الف) قانون ہٰذا "ترمیمہ قانون حفظان صحت دیہات ریاست رامپور ۱۹۴۲ء" کے نام سے موسوم ہوگا۔

(ب) قانون ہٰذا کل ریاست رامپور میں اس کی تاریخ اشاعت گزٹ سرکاری سے نافذ ہوگا۔

ایزادی شرط بہ دفعہ ۲ (الف) — **دفعہ ۲**۔ قانون حفظان صحت دیہات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء کی دفعہ (۲) ضمن (الف) کے تحت حسب ذیل شرط ایزاد کیجاتی ہے۔

شرط

لیکن شرط یہ کہ گورنمنٹ رامپور اگر مناسب خیال کرے تو کسی ٹاؤن ایریا کو بھی ضمن مذکور کی تعریف میں بذریعہ اعلان گزٹ سرکاری شامل کر سکتی ہے یا اس کو ہر خارج کر سکتی ہے۔

آرڈر ان کونسل اسٹیٹ رامپور:- مورخہ ۲۰ نومبر ۱۹۴۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۵ نومبر ۱۹۴۰ء میں عالیجناب صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بابت کارروائی ضروری بنسبت مسودہ "قانون ترمیم مطابع و رجسٹری کتب ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء" پیش ہو کر طے پایا کہ:-

مسودہ قانون مذکور بغرض حصول رائے عامہ درج گزٹ کئے جانے سے کونسل کو اتفاق ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے حکم ہذا کی ایک نقل مع نقل مسودہ قانون ترمیم مذکورہ بالا بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو ارسال کیجائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے نقول بخدمت عالی رتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی کو ارسال کئے جائیں

دستخط عالی رتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری اسٹیٹ کونسل

قانون ترمیم مطابع و رجسٹری کتب ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء

تمہید: ہرگاہ کہ قرین مصلحت ہے کہ قانون مطابع و رجسٹری کتب ریاست رامپور سنہ ۱۹۳۲ء میں ترمیم کیجائے۔ لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

مختصر نام و وسعت نفاذ و تاریخ اشاعت | دفعہ ۱:- (۱) اس قانون کا نام قانون ترمیم مطابع و رجسٹری کتب ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء ہوگا۔

(۲) قانون ہذا کل حدود ریاست رامپور میں اپنی تاریخ اشاعت گزٹ سرکاری سے نفاذ پذیر ہوگا۔

قانون مطابع و رجسٹری کتب ریاست رامپور سنہ ۱۹۳۲ء کی دفعہ ۲۲ کے بعد دفعہ ۲۲ الف بمضمون ذیل ایزاد کیجائے۔

اثر رجسٹری | دفعہ ۲۲ الف (۱) ہر ایسی کتاب جو تحت دفعہ ۲۲ درج رجسٹر کیجائیگی۔ جملہ حدود ریاست رامپور میں تحت قانون کاپی رائٹ ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء حق کاپی یعنی مصنفی کی حامل متصور ہوگی۔

(۲) جملہ کتب جو تحت قانون گورنمنٹ ہند۔ برطانوی ہند میں درج ہو چکی ہیں۔ یا آئندہ درج ہوں بشرط معاہدہ مابین گورنمنٹ ہند و ریاست رامپور جس کا اعلان گورنمنٹ رامپور ذریعہ گزٹ سرکاری کرے گی۔ حق کاپی یعنی مصنفی تمام حدود ریاست رامپور میں حاصل ہوگا۔